**Shabbir / Farooqi**

**19-05-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے ناروے کے اوسلو میں کاروبار اور ریسرچ سمٹ کے دوران بھارت-EFTA معاہدے کے تحت 100 اَرب امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری اور 10 لاکھ ملازمتوں کی بات کہی ہے۔

☆ وزیراعظم مودی، تیسرے بھارت-Nordic سمٹ میں شمالی یورپ کے سبھی پانچ ممالک کے رہنماؤں سے آج ملاقات کریں گے۔

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آپریشن سندور کو بھارت کے مضبوط، پُراعتماد اور صلاحیتوں کے حامل ملک میں بدلنے کا گواہ قرار دیا۔

☆ جسٹس یشونت ورما کے خلاف الزامات کی جانچ کررہی جج انکوائری کمیٹی نے لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کو اپنی رپورٹ پیش کی۔

☆ مغربی بنگال حکومت نے ED کو مالیاتی بے ضابطگی کیس میں R.G.Kar میڈیکل کالج کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش کے خلاف مقدمہ چلانے کی اجازت دے دی ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، سَن رائزرس حیدرآباد نے چنئی سُپر کنگس کو پانچ وکٹ سے شکست دے کر پلے آف میں جگہ بنالی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Norway

وزیراعظم نریندر مودی نے ناروے کے شہر Oslo میں بھارت-ناروے کاروباری اور تحقیق سربراہ کانفرنس میں شرکت کی۔ ولیعہد شہزادہ Haakon اور ناروے کے وزیراعظم Jonas Gahr Store نے بھی سربراہ میٹنگ میں شرکت کی۔ کاروباری اور تحقیقی برادری سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے تجارت اور اقتصادی شراکتداری سمجھوتے کے نفاذ کے بعد دو طرفہ تجارت اور سرمایہ کاری میں اضافے کی ستائش کی۔ انھوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ دونوں ملکوں کے شراکت داروں کو چاہیے کہ وہ بھارت میں 10 لاکھ روزگار پیدا کرنے کے نتیجے کے تحت 100 ارب امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کے ہدف کو حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

PM TEPA

جناب مودی نے ملک کے پیمانے، بڑھتی ہوئی توانائی کی ضرورتوں، آب و ہوا میں تبدیلی کے تئیں عزم اور قابل تجدید توانائی میں تیزی سے وسعت، گرڈ بنیادی ڈھانچے، گرین ہائڈروجن اور صاف توانائی پر زور دیتے ہوئے بھارت کے امنگوں سے بھرے ماحول دوست طریقۂ کار کی جانب منتقلی کے ایجنڈے کا بھی ذکر کیا۔

PM Modi Clean Energy

سربراہ میٹنگ میں ناروے اور بھارتی کاروباریوں کے علاوہ تحقیقی برادریوں کے 250 سے زیادہ شرکاء اور 50 سے زیادہ کمپنیوں کے CEOs نے بھی شرکت کی۔

اِس سے پہلے قریبی تعلقات کے تئیں خیر سگالی کے طور پر ناروے کے عزت مآب شاہ Harald V کی طرف سے وزیراعظم مودی کو ''گرانڈ کراس آف دِی ناروین آرڈر آف میرٹ'' کے اعزاز سے نوازا گیا۔

وزارت خارجہ میں مغربی ملکوں کے امور کے شعبے کے سکریٹری Sibi George نے وزیراعظم کے ناروے زور دے کر کہا کہ بھارت، ناروے کے بھارت-بحرالکاہل سمندری پہل میں شامل ہونے کا خیر مقدم کرتا ہے، کیونکہ دونوں ملک بحری ملکوں کی سربراہی کر رہے ہیں۔x

India Nordic Summit

وزیراعظم نریندر مودی Oslo میں آج بھارت اور نارڈک کے درمیان تیسری سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے، جس کا مقصد ٹیکنالوجی، قابل تجدید توانائی، دفاع، پائیداری اور تجارت جیسے شعبوں میں شمالی یورپ کے سبھی پانچ ملکوں کے ساتھ بھارت کی کلیدی شراکت داری کو مضبوط کرنا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Sangeet Godbole

وزیراعظم نریندر مودی شمالی یورپ کے سبھی پانچ ملکوں کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ آج بھارت اور نارڈک کے درمیان تیسری سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

یہ سربراہ کانفرنس بھارت اور شمالی یورپ کے ملکوں کے درمیان بڑھتی ہوئی شعبہ جاتی تعاون میں مددگار ثابت ہوگی۔ سابقہ سربراہ کانفرنس سن 2022 میں ڈنمارک کے Copenhagen میں ہوئی تھی۔ سربراہ کانفرنس میں جن شعبوں میں توجہ دی جائے گی جن میں تکنیک اور اختراع، پائیداری، قابل تجدید توانائی اور ڈجیٹلائزیشن شامل ہیں۔ تجارت اور معاشی شراکتداری سمجھوتے کے نفاذ کے ساتھ سربراہ کانفرنس میں اِس بات کی کوشش کی جائے گی کہ تجارت اور سرمایہ کاری کے رابطوں کو مزید بڑھایا جائے۔

فی الحال اِس بلاک میں بھارت کی دوطرفہ تجارت 19 ارب ڈالرہے۔ یہ سربراہ کانفرنس خطے کے ساتھ کثیر رخی تعاون میں بھی مددگار ثابت ہوگی اور یہ آپسی مفاد کے عالمی اور علاقائی امور پر خیالات کا تبادلہ کرنے کا ایک موقع فراہم کرے گی۔ وزیراعظم مودی تیسری بھارت نارڈک سمٹ کے موقع پر ڈنمارک، آئس لینڈ اور فِن لینڈ کے وزراءِ اعظم کے ساتھ بھی باہمی میٹنگیں کریں گے۔x

Olso ناروے سے سنگیتا Godbole کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ........

PM Italy Visit

پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے آخری مرحلے کے تحت وزیراعظم نریندر مودی اٹلی کی وزیراعظم Georgia Meloni کی دعوت پر آج دو روزہ سرکاری دورے کے سلسلے میں اٹلی کے شہر روم پہنچیں گے۔

وزیراعظم مودی اٹلی کی وزیراعظم Meloni کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے وہ اٹلی کے صدر Sergio Mattarella سے بھی ملاقات کریں گے۔ جناب مودی کاروباری سربراہوں کے ساتھ بھی گفتگو کریں گے، تاکہ دونوں ملکوں کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دیا جا سکے۔x

Rajnath Hanoi Diaspora

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آپریشن سندور کو بھارت کو ایک مضبوط، پُر اعتماد اور باصلاحیت ملک میں بدلنے کی علامت قرار دیا ہے۔ کل Hanoi میں غیر مقیم بھارتیوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے زور دیتے ہوئے کہا کہ بھارت نیوکلیائی ہتھیاروں کے پہلے استعمال نہ کرنے کی اپنی پالیسی پر پوری طرح کاربند ہے۔ وہ کسی بھی طرح سے نیوکلیائی بلیک میلنگ میں نہیں آئے گا اور دشمن کی کسی بھی مہم جوئی کا سختی سے جواب دینے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حاصل کی گئی بے مثال ترقی اور کامیابی کی وجہ سے بین الاقوامی سطح پر بھارت کی بڑھتی ہوئی ساکھ کو اجاگر کیا۔x

Nadda Bilateral Meet

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا نے تھائی لینڈ، ایران، نیدر لینڈ، سویڈن اور ماریشس کے اپنے ہم منصبوں اور نمائندوں کے ساتھ اعلیٰ سطحی باہمی میٹنگیں کیں۔ یہ میٹنگ کل جنیوا میں صحت کے اُناسی ویں عالمی اجلاس کے موقع پر ہوئی تھی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب نڈّا نے کہا کہ میٹنگ میں، ڈجیٹل، صحت، دواسازی، Resilient پبلک صحت نظام اور جدید یونیورسل ہیلتھ کوریج میں تعاون کو مستحکم کرنے پر توجہ دی گئی۔

مرکزی وزیرصحت جے پی نڈّا عالمی صحت کے اُناسی ویں اجلاس میں شرکت کیلئے فی الحال سوئزرلینڈ میں ہیں۔ یہ میٹنگ کل شروع ہوئی تھی جو اِس ماہ کی 23 تاریخ تک جاری رہے گی۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Birla Report

جسٹس یشونت ورما سے متعلق الزامات کی جانچ کررہی جج انکوائری کمیٹی نے اپنی رپورٹ پارلیمنٹ ہاؤس میں لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کو سونپ دی ہے۔ یہ رپورٹ جج انکوائری ایکٹ-1968 کے تحت قانونی تقاضوں کے مطابق پیش کی گئی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V-C Priya Mondal

لوک سبھا اسپیکر کی جانب سے ہائی کورٹ کے سابق جج، جسٹس یشونت ورما کے خلاف الزامات کی تحقیقات کیلئے یہ کمیٹی گزشتہ سال 12 اگست کو تشکیل دی گئی تھی۔ کمیٹی کی رپورٹ مناسب وقت پر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں پیش کی جائے گی۔

یہ رپورٹ، ججز انکوائری کمیٹی کے Presiding Officer اور سپریم کورٹ کے جج، جسٹس اروِند کمار نے بامبے ہائی کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس Shree چندر شیکھر اور کرناٹک ہائی کورٹ کے سینئر ایڈوکیٹ B.V. Acharaya نے لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کو پیش کی۔

آنند کمار اور پریا مونڈال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ............

Amit Shah Chhattisgarh Visit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ جگدل پور میں آج سینٹرل زونل کونسل کی میٹنگ کی صدارت کریں گے، جو چھتیس گڑھ میں بستر کا ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہے۔ اِس میٹنگ میں چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش، اترپردیش اور اتراکھنڈ کے وزراءِ اعلیٰ اور سینئر اہلکار شرکت کریں گے۔

جناب شاہ نے بستر ضلع میں Netanar گاؤں میں پبلک سروس سینٹر کا افتتاح کیا۔x

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Vikalp Shukla

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت گزشتہ چھ دہائیوں میں نکسل واد کی وجہ سے بستر کے عوام کو بڑے پیمانے پر ہوئے سماجی، معاشی اور ثقافتی نقصانات کی اگلے پانچ سال میں بھرپائی کرے گی۔

انھوں نے کہا کہ بَستر ڈویژن میں قائم کیے گئے تقریباً 200 سیکورٹی کیمپوں میں سے 70 کیمپوں کو اگلے ڈیڑھ سال میں عوامی خدمات کے مراکز میں تبدیل کردیا جائے گا اور انھیں قبائلی فلاح و بہبود کے ہب میں بدل دیا جائے گا۔

جناب شاہ نے کہا کہ یہ مراکز، مرکز اور ریاستوں سرکاروں کی تمام فلاحی اسکیموں، بینکنگ، آدھار، راشن کارڈس اور ہنرمندی کی تربیت سے متعلق سہولیات فراہم کریں گے۔x

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ..........

West Bengal RG Kar Hospital

مغربی بنگال حکومت نے ED کو R.G. Kar میڈیکل کالج اور اسپتال کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش کے خلاف مقدمہ چلانے کی اجازت دے دی ہے۔

مغربی بنگال کے وزیراعلیٰ شوبِندو ادھیکاری کی جانب سے جاری سرکاری حکم نامے نے مبینہ مالی بے ضابطگیوں اور کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں گھوش کے خلاف مقدمہ چلانے کی راہ ہموار کردی ہے۔

اس صورتحال سے نمٹنے کیلئے سابقہ TMC حکومت کی جانب سے اپنائے گئے طرزعمل پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے جناب ادھیکاری نے کہا کہ سابقہ ترنمول کانگریس حکومت نے بزور طاقت غیر اخلاقی طریقے سے طویل عرصے تک اس کیس کی جانچ کو روکے رکھا۔

جناب ادھیکاری نے کہا کہ کوئی بھی قانون سے بالاتر نہیں ہے اور سچائی کو ہمیشہ کیلئے دبایا نہیں جاسکتا۔

سرکاری حکم نامے کے مطابق مغربی بنگال کے گورنر آر این روی، مجاز اتھارٹی کے طور پر FIR، کیس ریکارڈ اور حقائق کی جانچ سے مطمئن ہیں اور اس بات کے حق میں ہیں کہ کولکاتا کے RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال کے اُس وقت کے پرنسپل سندیپ گھوش پر عدالت میں مقدمہ چلایا جانا چاہیئے۔x

Sonowal Water Metro

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے نئی دلّی میں واٹر میٹرو خدمات کی شروعات سے متعلق جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ ملک میں اِن خدمات کا طویل عرصے سے انتظار کیا جارہا ہے۔

مرکزی وزیر نے کہا کہ مرکز کا ملک کے 18 شہروں میں واٹر میٹرو خدمات شروع کرنے کا منصوبہ ہے، جس میں گوہاٹی کو مرحلہ-ایک کے تحت نامزد کیا گیا ہے۔

اس کے علاوہ سری نگر، پٹنہ، وارانسی، ایودھیا اور پریاگ راج جیسے شہر بھی مرحلہ-ایک میں شامل ہیں، جبکہ آسام کے تیج پور اور ڈِبرو گڑھ کو پروجیکٹ کے مرحلہ-دو میں شامل کرنے کی تجویز ہے۔

وزارت نے ساتھ ہی ساتھ قومی واٹر میٹرو پالیسی-2026 کا مسودہ، بین وزارتی مشاورت کیلئے تقسیم کیا ہے، جس میں شہری آبی ٹرانسپورٹ کو حتمی شکل دینے کے قومی فریم ورک کو آگے بڑھانے کی بات کہی گئی ہے۔ ملک میں واٹر میٹرو خدمات کے آغاز کا مقصد اندرونی آبی گزرگاہوں کو مؤثر، پائیدار اور جدید پبلک ٹرانسپورٹ راہداریوں میں بدلنا ہے۔×

RBI IFR

بھارت کے ریزرو بینک نے کمرشیل بینکوں کی جانب سے Investment Fluctuation Reserve, IFR برقرار رکھنے کی ضرورت ختم کردی ہے۔ IFR، اضافی بفر ہوتا ہے، جو سرمایہ کاری کی قدر میں گراوٹ سے تحفظ کیلئے قائم کیا جاتا ہے۔ RBI نے ایک بیان میں کہا ہے کہ پیر کے دن سے IFR برقرار رکھنے کی ضرورت کو ختم کردیا گیا ہے۔ RBI نے مزید کہا ہے کہ پچھلے اتوار تک IFR میں موجود رقم، Statutory ریزرو، جنرل ریزرو یا بیلنس آف پروفٹ یا Loss اکاؤنٹ میں منتقل کردی جائے گی۔×

PIB Fact Chec Gold

حکومت نے آن لائن گردش کررہے اُن دعووں کو مسترد کیا ہے، جن میں کہا گیا تھا کہ حکومت مندروں میں رکھے سونے کے بدلے مندروں کو گولڈ بانڈس جاری کرنے جارہی ہے۔ حقائق کی جانچ کرنے والی پریس انفارمیشن بیورو کی فیکٹ چیک یونٹ نے کہا کہ یہ دعویٰ فرضی ہے۔ PIB نے شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ فرضی دعووں سے دور رہیں اور مستند معلومات کیلئے ہمیشہ سرکاری ذرائع کا استعمال کریں۔×

IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات نے مدھیہ پردیش اور اترپردیش کے کچھ حصوں میں آج شدید گرمی کے حالات کی پیشگوئی کی ہے۔ آج دن میں ساحلی آندھراپردیش اور اُڈیشہ میں موسم کے گرم اور مرطوب رہنے کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ راجستھان، وِدربھ اور مغربی اترپردیش میں آج رات موسم گرم رہ سکتا ہے۔

بھارتی محکمہ موسمیات نے انڈمان نکوبار جزائر، کیرالم، ماہے، لکشدیپ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اس کے علاوہ بہار، گنگائی مغربی بنگال، اڈیشہ، جھارکھنڈ، تلنگانہ، جموں وکشمیر اور شمال مشرقی بھارت کے کچھ حصوں میں آج گرج چمک کے ساتھ دھول بھری آندھی چل سکتی ہے۔×

Trump Iran

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے رہنماؤں کی درخواستوں کے بعد ایران کے خلاف منصوبہ بند فوجی کارروائی کرنے سے رک گیا ہے، جبکہ متعلقہ فریقوں کے درمیان سنجیدہ مذاکرات جاری ہیں۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں امریکی صدر نے کہا کہ قطر کے امیر تمیم Hamud AL Thani، سعودی عرب کے ولیعہد شہزادہ محمد بن سلمان السعود اور متحدہ عرب امارات کے صدر محمد بن زائد النہیان نے ان سے درخواست کی ہے کہ وہ ایران کے خلاف فوجی کارروائی ملتوی کر دیں۔

صدر ٹرمپ نے کہا کہ امریکہ اور مغربی ایشیا کے ملکوں کے درمیان جلد ہی ایک قابل قبول سمجھوتہ ہو سکتا ہے۔

انھوں نے مزید کہا کہ مجوزہ سمجھوتہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ایران کے پاس نیوکلیائی ہتھیار نہ ہوں۔

البتہ صدر ٹرمپ نے خبردار کیا کہ اگر بات چیت ناکام ہوتی ہے تو امریکہ کی فوجیں، فوری طور پر ایران کے خلاف فوجی کارروائی کرنے کیلئے تیار ہیں۔x

IPL

آئی پی ایل کرکٹ میں، کل رات چنئی میں سن رائیزرس حیدرآباد نے چنئی سُپر کنگس کو 5 وکٹ سے ہرا کر پلے آف میں جگہ بنالی ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے چنئی سُپر کنگس نے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر 180 رن بنائے جواب میں سن رائیزرس نے 19 اوورس میں 5 وکٹ کھو کر جیت کا اپنا نشانہ حاصل کر لیا۔

ایشان کشن کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا جنھوں نے 70 رن بنائے۔

اس جیت کے بعد سن رائیزرس کے اب 16 پوائنٹس ہو گئے ہیں، جو پلے آف میں اُس کی جگہ کو یقینی بنانے کے لئے کافی ہے، جبکہ اسے ابھی ایک میچ کھیلنا ہے۔

آج شام ساڑے 7 بجے جے پور میں راجستھان رائلز کا مقابلہ لکھنؤ سپر Giants سے ہوگا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیر رضوی

شکریہ ۔کلیم احمد

قومی راجدھانی دلی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے وزیراعظم نریندر مودی کے ناروے دورے کے دوران انھیں ناروے کے اعلیٰ ترین اعزاز سے سرفراز کئے جانے کی خبر کو صفحۂ اول پر جگہ دی ہے۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ عالمی عدم استحکام کے ماحول کے درمیان بھارت اور یورپ کے تعلقات سنہرے دور میں داخل ہو رہے ہیں۔

وہیں اخبار نے ایران پر حملے کی تیاریوں کے تیز ہونے سے متعلق خبر کو صفحۂ اول کی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ مذاکرات میں تعطل کے بعد گذشتہ دو دنوں میں اِس بات کے امکانات بڑھ گئے ہیں کہ امریکہ ایک بار پھر ایران کے خلاف فوجی کارروائی کا راستہ اختیار کر سکتا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے ویتنام دورے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخبار کے مطابق اس دورے کا مقصد اسٹریٹیجک فوجی تعاون کو وسعت دینا، دفاعی-صنعتی شراکتداری کو مستحکم کرنا اور سمندری تعاون کو فروغ دینا ہے۔ ویتنام کا دورہ مکمل کرنے کے بعد وزیر دفاع جنوبی کوریا روانہ ہونگے۔x

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے VD Satheesan کے کیرالم کے وزیراعلیٰ کا حلف لینے کی خبر کو نمایاں طور پر جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق گورنر راجندر وشوناتھ ارلیکر نے جناب Satheesan اور ان کی کابینہ کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

- ☆ وزیراعظم نریندر مودی نے ناروے کے اوسلو میں کاروبار اور ریسرچ سمٹ کے دوران بھارت-EFTA معاہدے کے تحت 100 اَرب امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری اور 10 لاکھ ملازمتوں کی بات کہی ہے۔
- ☆ وزیراعظم مودی، تیسرے بھارت-Nordic سمٹ میں شمالی یورپ کے سبھی پانچ ممالک کے رہنماؤں سے آج ملاقات کریں گے۔
- ☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آپریشن سندور کو بھارت کے مضبوط، پُراعتماد اور صلاحیتوں کے حامل ملک میں بدلنے کا گواہ قرار دیا۔
- ☆ جسٹس یشونت ورما کے خلاف الزامات کی جانچ کررہی جج انکوائری کمیٹی نے لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کو اپنی رپورٹ پیش کی۔
- ☆ مغربی بنگال حکومت نے ED کو مالیاتی بے ضابطگی کیس میں R.G.Kar میڈیکل کالج کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش کے خلاف مقدمہ چلانے کی اجازت دے دی ہے۔
- ☆ اور IPL کرکٹ میں، سَن رائزرس حیدرآباد نے چنئی سُپرکنگس کو پانچ وکٹ سے شکست دے کر پلے آف میں جگہ بنالی ہے۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---------------------------------------